**15.03.2026**

**13.50 Hrs**

**HL-OPENNING**

آداب

یہ آکاشوانی ہے

خبروں کے ساتھ میں .................. کلیم احمد

**Music**

-------------------------------

- ☆ انتخابی کمیشن آج سہ پہر چار ریاستوں اور مرکز کے زیرِ انتظام ایک علاقے کیلئے اسمبلی انتخابات کی تاریخوں کا اعلان کرنے والا ہے۔
- ☆ سرکار نے PNG اور LPG دونوں طرح کے کنکشن رکھنے والوں کو ہدایت دی ہے کہ وہ اپنا LPG کنکشن بلاتاخیر Surrender کردیں۔
- ☆ نیپال کے گورکھا ضلع میں ایک سڑک حادثے میں 7 بھارتی یاتریوں کی موت ہوگئی۔
- ☆ CBSE نے مغربی ایشیا خطے میں کل سے اگلے مہینے کی 10 تاریخ کے درمیان ہونے والے 12ویں کلاس کے امتحانات منسوخ کردیئے ہیں۔
- ☆ اور ایران نے متحدہ عرب امارات پر الزام لگایا ہے کہ اُس نے ایران کے خرگ جزیرے پر حملوں کیلئے اپنا علاقہ استعمال کرنے کی اجازت دی۔ امارات نے اِس الزام کو غلط بتایا ہے۔

-----------------------------------

**Music**

اب خبریں تفصیل سے............

**ECI Assembly Election Announcement**

انتخابی کمیشن آج چار ریاستوں اور مرکز کے زیرِ انتظام ایک علاقے میں آئندہ ہونے والے اسمبلی انتخابات کی تاریخوں کا اعلان سہ پہر چار بجے کرے گا۔ یہ اسمبلی چناؤ آسام، مغربی بنگال، تمل ناڈو، کیرالہ اور پدوچیری میں ہونا ہیں۔

294 ارکان پر مشتمل مغربی بنگال قانون ساز اسمبلی کی مدت سات مئی کو ختم ہورہی ہے، جبکہ 126 ارکان پر مشتمل آسام اسمبلی کی مدت 20 مئی کو اور 140 ارکان پر مشتمل کیرالہ اسمبلی کی مدت 23 مئی کو ختم ہورہی ہے۔

اِدھر تمل ناڈو میں 234 رکنی اسمبلی کی مدت 10 مئی کو اور پدوچیری میں 30 رکنی اسمبلی کی مدت 15 جون کو ختم ہوجائے گی۔x

**BJP TMC Clash**

انتخابی کمیشن نے مغربی بنگال میں کل گریش پارک میں BJP اور ترنمول کانگریس کارکنوں کے درمیان جھڑپ کے دوران مرکزی فورس کا استعمال نہ کرنے کے تعلق سے کولکاتہ کے پولیس کمشنر سے رپورٹ طلب کی ہے۔ اُس وقت BJP کے حامی کارکن، بریگیڈ پریڈ گراؤنڈ میں وزیرِ اعظم نریندر مودی کی ریلی میں شرکت کیلئے جارہے تھے۔

اِس واقعے میں 8 پولیس اہلکار اور دونوں طرف کے کئی حامی زخمی ہوئے تھے۔ BJP کے شمالی کولکاتہ ضلعے کے صدر Tamoghn گھوش کو ایک اینٹ سے چوٹ لگنے کے بعد اسپتال میں داخل کرایا گیا۔ ریاستی وزیر شَشی پانجا نے توڑ پھوڑ اور حملہ کرنے کے الزامات لگائے ہیں لیکن انہوں نے کوئی شکایت درج نہیں کرائی۔ کولکاتہ پولیس نے از خود کیس درج کیا ہے۔ ریاستی پولیس نے بتایا ہے کہ اب تک BJP کے تین کارکنوں سمیت چار افراد کو گرفتار کیا گیا ہے۔

اِدھر کل رات BJP کے لیڈر Sajal Ghosh کی سربراہی میں BJP کارکنوں نے گرفتاریوں کی مذمت کرتے ہوئے Barahnagar تھانے کے باہر احتجاج کیا۔

مرکزی وزیر سُکانتا مجمدار نے الزام لگایا ہے کہ ریاستی وزیر شَشی پانجا کے قریبی ساتھیوں کا اِس حملے میں ہاتھ ہے۔ ساتھ ہی انہوں نے یہ بھی کہا کہ ریلی میں آنے والے لوگوں کی بڑی تعداد کو دیکھنے کے بعد ریلی میں رکاوٹ ڈالنے کی کوشش کی گئی۔

اِس کے علاوہ، اپوزیشن کے لیڈرSuvendu Adhikari نے پولیس پر الزام لگایا کہ اُس نے ریاست کے مختلف حصوں سے آنے والے BJP کارکنوں کو ریلی میں جانے سے روکا اور کم از کم 12 کارکن زخمی ہوئے۔

دوسری طرف ریاستی وزیر شَشی پانجا نے نامہ نگاروں سے کہا کہ اُن پر ایک ایسا حملہ کیا گیا، جس کی کوئی نظیر نہیں ملتی۔ انہوں نے زور دے کر کہا کہ حتیٰ کہ خواتین کو بھی نہیں چھوڑا گیا۔x

**PNG LPG Surrender**

پیٹرولیم اور قدرتی گیس محکمے کی مرکزی وزارت نے PNG اور LPG دونوں کنکشن رکھنے والے کنبوں کو ہدایت دی ہے کہ وہ اپنا LPG کنکشن بلاتاخیر Surrender کردیں۔ ایک نوٹفکیشن میں وزارت نے کہا ہے کہ جس شخص کے پاس PNG یعنی پائپ کے ذریعے پہنچنے والی قدرتی گیس کا کنکشن ہے، اُسے گھریلو LPG کنکشن اپنے پاس رکھنے یا سرکاری تیل کمپنیوں یا مجاز تقسیم کار ایجنسی سے LPG سلنڈر Refill کرانے کی اجازت نہیں ہوگی۔

اِس طرح کے صارفین کو بلا تاخیر اپنا LPG کنکشن چھوڑنا ہوگا۔ مذکورہ حکم نامے میں یہ بھی کہا گیا ہے کہ جن لوگوں کے پاس پہلے ہی PNG کنکشن ہے، انہیں مستقبل میں نیا LPG کنکشن حاصل کرنے کی اجازت نہیں ہوگی۔

سرکار نے کہا ہے کہ گھروں میں کھانا پکانے کی گیس کی دو طرح کی سپلائی کو روکنے اور اِس بات کو یقینی بنانے کیلئے یہ قدم اٹھایا گیا ہے کہ LPG سلنڈر اُن گھروں کیلئے دستیاب رہیں، جن کے پاس PNG نیٹ ورک نہیں ہے۔

اُدھر ایران کی جانب سے LPG لانے والے دو بھارتی پرچم بردار بحری جہازوں کو آبنائے ہرمز سے گزرنے کی اجازت دینے کے بعد یہ دونوں بحری جہاز، گجرات میں Mundra اور Kandla بندرگاہوں کی طرف جارہے ہیں۔ جہاز رانی محکمے کی وزارت میں خصوصی سکریٹری راجیش کمار سنہا نے بتایا کہ اِن دو بحری جہازوں میں تقریباً 92 ہزار 700 ٹن

LPG ہے اور امید ہے کہ یہ کل یا پرسوں بھارتی بندرگاہوں پر لنگر انداز ہوجائیں گے۔

**SB - Rajesh Sinha**

جناب سنہا نے بتایا کہ آبنائے ہرمز کے مغرب میں بھارتی پرچم بردار بقیہ 22 بحری جہازوں کے بحفاظت وہاں سے گزرنے کو یقینی بنانے کیلئے سفارتی کوششیں جاری ہیں۔

اِدھر پیٹرولیم اور قدرتی گیس محکمے کی وزارت میں جوائنٹ سکریٹری سُجاتا شرما نے بین وزارتی میڈیا بریفنگ میں لوگوں پر زور دیا کہ وہ گھبراہٹ میں LPG سلنڈر کی بکنگ کرنے سے گریز کریں اور ضرورت پڑنے پر ہی سلنڈر بک کرائیں۔

**SB - Sujata Sharma**

**Nepal - India Piligrims Killed**

نیپال کے گورکھا ضلعے میں کل شام ایک Micro Bus حادثے میں کم از کم 7 بھارتی یاتری ہلاک ہوگئے۔ پولیس کے مطابق یہ یاتری Manakamara مندر میں پوجا ارچنا کے بعد لوٹ رہے تھے کہ شہید لکھن دیہی میونسپلٹی کے Kantar علاقے میں بس کے سڑک سے پھسل کر کھائی میں جاگرنے کی وجہ سے ہلاک ہوئے۔×

**CBSE - Exam Cancel**

ثانوی تعلیم کے مرکزی بورڈ، CBSE نے مغربی ایشیا خطے میں کل سے اگلے ماہ کی 10 تاریخ تک ہونے والے بارہویں جماعت کے امتحانات منسوخ کردیے ہیں۔ بورڈ نے یہ بھی کہا ہے کہ اِس ماہ کی پہلی سے 9 تاریخ تک ہونے والے امتحانات، جنہیں پہلے ملتوی کردیا گیا تھا، وہ بھی منسوخ کردیے گئے ہیں۔ اُس نے مزید کہا کہ مغربی ایشیا خطے میں بارہویں جماعت کے امیداوروں کیلئے نتائج کے اعلان کی نوعیت کو مناسب وقت پر علیحدہ سے نوٹیفائی کیا جائے گا۔×

**West Asia**

خلیج کے خطے میں کشیدگی مزید بڑھ گئی ہے۔ ایران نے، متحدہ عرب امارات پر الزام لگایا ہے کہ وہ ایران کے ٹھکانوں کے خلاف میزائل حملوں کیلئے اپنے علاقے کا استعمال کرنے کی اجازت دے رہا ہے۔ ایران کے وزیرِ خارجہ سید عباس عراقچی نے الزام لگایا ہے کہ خرگ جزیرے اور ابو موسیٰ پر رات میں جو حملے کئے گئے، وہ Ras Al Khaimah اور دوبئی کے نزدیک واقع HIMARS راکٹ نظام سے کئے گئے تھے۔

ایران کے ساتھ امریکہ اور اسرائیل کی محاذ آرائی کا دائرہ لگاتار بڑھتا جارہا ہے، جس سے خلیج کے خطے میں مزید عدم استحکام کے خدشات پیدا ہوگئے ہیں۔

اِدھر ایران کے خاتم الانبیاء مرکزی ہیڈ کوارٹرس نے متحدہ عرب امارات کے باشندوں کو وارننگ جاری کی ہے کہ وہ اہم بندرگاہوں کے نزدیک علاقوں سے چلے جائیں۔

ایران نے یہ دعویٰ کیا ہے کہ امریکی فوج سے وابستہ اِن ٹھکانوں کو ممکنہ جوابی کارروائی میں نشانہ بنایا جاسکتا ہے۔

دوسری طرف UAE سرکار نے اِس الزام کو سختی کے ساتھ مسترد کردیا ہے اور صدارتی مشیر انور Gargash نے

زور دے کر کہا ہے کہ امارات نے اپنے علاقے سے حملے کرنے کی اجازت نہیں دی۔ انہوں نے زور دے کر کہا کہ UAE مذاکرات اور سفارتکاری کے تئیں عہدبستہ ہے۔

دوسری طرف متحدہ عرب امارات نے آج صبح ایک نیا میزائل حملہ ہونے کی اطلاع دی ہے۔ ایران نے ایک دن پہلے ہی امارات میں تین بڑی بندرگاہوں کے نزدیک لوگوں سے چلے جانے کو کہا تھا۔

پہلی مرتبہ ایران نے موجودہ محاذ آرائی کے دوران پڑوسی ملک میں غیرامریکی اثاثوں پر حملے کرنے کی دھمکی دی ہے۔

اُدھر امریکی صدر ڈونالڈ ٹرمپ نے کہا ہے کہ انہیں امید ہے کہ اتحادی ممالک جہاز رانی کی اہم عالمی آبی گزر گاہ آبنائے ہرمز کو محفوظ بنانے میں مدد کیلئے اپنے جنگی بحری جہاز وہاں بھیجیں گے۔

اِس دوران لبنان میں اسرائیل کے حملوں سے انسانی بحران مزید شدت اختیار کرگیا ہے۔ وہاں اب تک تقریباً 800 افراد مارے گئے ہیں۔ موجودہ حملوں کی وجہ سے ساڑھے آٹھ لاکھ سے زیادہ لوگ بے گھر ہوگئے ہیں۔x

**Air India West Asia**

ایئر انڈیا اور ایئر انڈیا ایکسپریس نے مغربی ایشیا کے موجودہ حالات کے تناظر میں آج 14 پروازیں منسوخ کئے جانے کا اعلان کیا ہے۔ البتہ شارجہ سے دلّی، Kannur، کوچی، کوزی کوڈ، ممبئی اور ترو ونتا پورم کیلئے پروازوں کا منصوبہ بنایا گیا ہے۔

ایئر انڈیا نے ایک بیان میں یہ جانکاری دی ہے کہ Ras Al Khaimah سے کوزی کوڈ اور کوچی کیلئے دو پروازیں چلائی جائیں گی۔ x

**Shah - Assam Visit**

مرکزی وزیرِ داخلہ امت شاہ نے کہا ہے کہ BJP کی زیرِ قیادت سرکار کے گذشتہ 10 سال میں آسام، شمال مشرقی خطے کیلئے حفظانِ صحت کا ایک بڑا مرکز بن گیا ہے اور اب ریاست کے لوگوں کو علاج کیلئے خطے سے باہر جانے کی ضرورت بھی کم ہوگئی ہے۔ جناب امت شاہ حفظانِ صحت سے متعلق مختلف ترقیاتی پروجیکٹوں کا سنگِ بنیاد رکھنے اور افتتاح کرنے کے موقع پر گواہاٹی میں ایک بڑے جلسے سے خطاب کررہے تھے۔ x

**Jaishankar Belgium Visit**

وزیرِ خارجہ ڈاکٹر ایس جے شنکر آج سے برسلز کے دو دن کے دورے پر رہیں گے۔ وہ یوروپی یونین کی اعلیٰ نمائندہ اور نائب صدر Kaya Kallas کی دعوت پر یہ دورہ کررہے ہیں۔ ڈاکٹر جے شنکر امورِ خارجہ سے متعلق کونسل کی میٹنگ میں یوروپی یونین کے 27 ممبر ملکوں کے وزراء خارجہ کے ساتھ گفتگو کریں گے۔

وزارتِ خارجہ نے بتایا ہے کہ ڈاکٹر جے شنکر اپنے اِس دورے میں یوروپی یونین کے رہنماؤں نیز بیلجیم اور یوروپی یونین کے دیگر ممبر ملکوں کے اپنے ہم منصب وزیروں کے ساتھ ملاقات بھی کریں گے۔ وزارت نے یہ بھی کہا ہے کہ امید ہے کہ ڈاکٹر جے شنکر کے اِس دورے سے یوروپی یونین کے ساتھ بھارت کی کلیدی ساجھیداری مزید مستحکم ہوگی۔x

## DRI Operation

Revenue انٹلی جنس کے ڈائریکٹوریٹ نے دلّی اور کولکاتہ میں سرگرم سونے کی منظّم اسمگلنگ اور دھات پگھلانے کے ایک غیرقانونی ریکٹ کا پتہ لگایا ہے۔ وزارتِ خزانہ نے بتایا ہے کہ اِس کارروائی میں 14 کروڑ روپے سے زیادہ مالیت کا سونا، چاندی اور بھارتی کرنسی ضبط کی گئی ہے اور چھ افراد کو گرفتار کیا گیا ہے۔ اِس کارروائی کے دوران 13 کروڑ روپے سے زیادہ مالیت کا 8 کلوگرام سونا، 19 لاکھ سے روپے سے زیادہ مالیت کی 7 کلوگرام چاندی اور 51 لاکھ روپے سے زیادہ کی بھارتی کرنسی ضبط کی گئی ہے۔

وزارت کے مطابق Revenue انٹلی جنس کے ڈائریکٹوریٹ کے دو افسروں نے نئی دلّی ریلوے اسٹیشن پر کولکاتہ سے ٹرین کے ذریعے وہاں پہنچنے پر ایک مسافر کو روکا، جس کے پاس غیر ملکی مارکے والا سونا موجود تھا۔ x

## Jharkhand PLFI Arrest

جھارکھنڈ پولیس نے کھونٹی ضلعے میں ممنوعہ تنظیم پیپلز لبریشن فرنٹ آف انڈیا کے چھ ملی ٹینٹوں کو گرفتار کیا ہے۔ SP منیش کمار نے کہا کہ ان ملزموں کو مخصوص خفیہ اطلاعات کے بعد دریائے Tajna کے قریب ایک چھاپے کے دوران گرفتار کیا گیا۔ پولیس نے اُن کے قبضے سے ایک غیرقانونی پستول، کارتوس، موبائل فون اور جبری وصولی سے متعلق دستاویزات اور دو کاریں برآمد کی ہیں۔ پولیس کے مطابق یہ ملی ٹینٹ، تاجروں اور ٹھیکیداروں کو جبری وصولی کی دھمکی دینے کے معاملے میں ملوث تھے اور کئی مجرمانہ واقعات سے بھی اِن کا تعلق بتایا جارہا ہے۔x

☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆